© rasailojaraid.com



# حُسنِ انتقاد



تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ھے

● جریدہ: شش ماہی ''السیرۃ'' العالمی　　مدیر: سید فضل الرحمٰن

قیمت فی شمارہ: ۱۵۰ روپے　　سالانہ: ۳۰۰ روپے　　ناشر: زوار اکیڈمی۔اے۔۴/۱۷۔ناظم آباد کراچی

سیرت النبی ﷺ کے مستقل عنوان پر ایک علمی و تحقیقی شش ماہی مجلّہ جس کا تیرہواں شمارہ شائع ہو کر قارئین کی آنکھوں کی ٹھنڈک بن رہا ہے۔ ''نقوشِ سیرت'' کے زیرِ عنوان نبی کریم ﷺ کی سیرتِ طیبہ ولادت سے وفات تک ۔میلادی قمریہ، شمی، میلادی قمری، عیسوی جیولین سن و تاریخ کی ترتیب سے نہایت تحقیقی کام ہے۔ ترتیب جناب سید فضل الرحمٰن اور توقیت پروفیسر ظفر احمد ''کسبِ حلال اور عصر حاضر کے تقاضے'' جناب سید عزیز الرحمٰن (نائب مدیر) کا فکر انگیز مقالہ ''پیغامِ سیرت'' کے عنوان سے شامل ہے جو قرآن و حدیث کے دلائل کی روشنی میں نام نہاد روشن خیالوں کے لیے دعوتِ فکر ہے۔ اس کے علاوہ ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی، سید گل محمد شاہ بخاری اور پروفیسر محمد اقبال جاوید کے علمی و تحقیقی مضامین اس شمارہ کی زینت ہیں۔ ''السیرۃ'' اپنی عمر عزیز کے ساتویں سال میں داخل ہو رہا ہے اور سید عزیز الرحمٰن کی کاوشیں قابل تحسین ہیں کہ وہ اس مبارک سفر کو نہایت وقار اور معیار کے ساتھ جاری رکھے ہوئے ہیں۔ نیز اس شمارے سے سیرتِ طیبہ پر انگریزی میں لکھے گئے تحقیقی مضامین کی اشاعت کا سلسلہ بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ چنانچہ انگریزی حصہ میں سید سلمان ندوی اور ابراہیم ایچ مراد کے مضامین شامل کر کے ''السیرۃ'' نے ترقی کا ایک اور زینہ طے کر لیا ہے۔ آخر میں ہجری کیلنڈر ۱۴۲۶ھ/ ۲۰۰۵ء، ۲۰۰۶ء بھی شامل ہے۔ چار سو صفحات کا یہ گراں قدر علمی خزینہ اپنے روایتی معیار کے ساتھ نہایت کم قیمت پر بخاری اکیڈمی دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان سے بھی دستیاب ہے۔ (تبصرہ: ساغر اقبالی)

● جریدہ: ماہنامہ ''آبِ حیات'' لاہور　　''سیرتِ انبیاء نمبر''　　مدیر: مولانا محمود الرشید حدوٹی

قیمت: ۲۰ روپے　سالانہ: ۲۰۰ روپے　　ملنے کا پتا: دفتر ماہنامہ ''آبِ حیات۔ ۱۴۹ فیروز پور روڈ' لاہور

فسق و فجور اور فتنوں کے اس دور میں مسلمانوں کی صحیح رہنمائی کرنا اور لٹریچر کے میدان میں صحت مند، مثبت اور اصلاحی تحریریں فراہم کرنا جان جوکھوں کا کام ہے۔

محمود الرشید حدوٹی محنتی آدمی ہیں۔ جس جذبے کے ساتھ وہ ''آبِ حیات'' کو جاری رکھے ہوئے ہیں اس پر خراجِ تحسین کے مستحق ہیں۔ ان کی انفرادیت یہ ہے کہ وہ ایک تسلسل کے ساتھ مختلف عنوانات پر ''آبِ حیات'' کے ۱۱ خصوصی نمبر شائع کر چکے ہیں اور اپنے قارئین کو مختلف عنوانات پر متفرق اور جامع معلومات فراہم کر رہے ہیں۔ اپریل

© rasailojaraid.com